**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف نے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب کو غیر آئینی قرار دے دیا

تحریک انصاف کا چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے غیر آئینی انتخاب کے بائیکاٹ کا فیصلہ

خیبر پختونخوا کے سینیٹرز کی ایوان میں موجودگی تک چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب ملتوی کرنے کا مطالبہ

سینیٹ میں وفاق کی تمام اکائیوں کی نمائندگی کے بغیر چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب غیر آئینی اور ناقابل قبول ہے، نامکمل الیکٹورل کالج کیساتھ غیر منتخب افراد کو ریاست کے آئینی عہدوں پر 'سلیکٹ' کروانے والے عناصر کی جانب سے ایوان بالا کی توہین کسی صورت برداشت نہیں کریں گے،

نامکمل ایوان کی صورت میں چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب کروانا جمہوری اقدار و روایات کے قتل کے مترادف ہے، جعلی فارم 47 زدہ شکست خوردہ کرداروں کو جمع کرکے قائم کی گئی غیر آئینی حکومت کے ہاتھوں آئین اور جمہوری اصولوں کی پامالی کا سلسلہ بلا روک جاری ہے،

خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن ملتوی کرنے کے بعد چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب عوامی مینڈیٹ پر نقب زنی کی سازش ہی کا تسلسل ہے،

وفاق کی نہایت اہم اکائی خیبر پختونخوا کو انتخابی عمل سے باہر رکھنا تعصب زدہ گروہ کی جانب سے صوبائی منافرت پھیلانے کی مذموم اور شرمناک کوششوں کا حصہ ہے،

خیبر پختونخوا کے سینیٹرز کی عدم موجودگی میں نامکمل ایوان کیساتھ 'سلیکٹ' کروائے گئے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو ہرگز قبول نہیں کریں گے، عدالت سینیٹ میں آئین سے انحراف کی کوششوں کا نوٹس لے اور ایوان کے اراکین کی تعداد پوری کرنے تک چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب ملتوی کرنے کے احکامات جاری کرے، پاکستان تحریک انصاف ہر قدم پر عوام کے مینڈیٹ کا تحفظ کرے گی اور مزید کسی بھی غیر جمہوری، غیر سیاسی اور غیر اخلاقی تجربے کے خلاف بھرپور مزاحمت کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ